# 19-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔منسٹر ریونت ریڈی نے آج دہلی میں جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل سے ملاقات کی اورانہیں آندھراپردیش کے مجوزہ گوداوری۔ بنا کاچرلہ لنک پراجکٹ پر ریاست کے اعتراضات سے واقف کرایا۔

۲۔جسٹس یشونت ورما کے مکان سے نقد رقم برآمد ہونے کے الزامات کی چھان بین کرنے والی تین رکنی کمیٹی نے کہاہے کہ دہلی ہائی کورٹ کے سابق جج کی برخواستگی کے لئے کارروائی شروع کرنے مناسب مواد دستیاب ہے۔

۳۔خواتین اور بچوں کی ترقی کی مرکزی وزیرانو پورنا دیوی نے پالیسی سازوں اور متعلقہ افراد کیلئے ریسورس سنٹر کے طور پر آج جنڈر بجٹنگ پورٹل کا افتتاح کیا۔

۴۔ پی آئی ماؤسٹ کے 12 ارکان نے آج بھدرادری کوتہ گوڑم کے ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس بی روہت راجو کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔

## Casual Recruitment

آکاش وانی حیدرآباد کیندر کی علاقائی نیوز یونٹ کو جزوقتی بنیاد پر تلگو، انگلش اوراردو نیوز ایڈیٹرس، تلگواوراردو نیوز ریڈرس اور براڈکاسٹ اسسٹنٹس کی بھرتی کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔امیدواروں کی عمر 21 تا 50 سال کے درمیان ہونی چاہئے۔ دلچسپی رکھنے والے اپنے اسناد کی نقول اور دو پاسپورٹ سائز تصاویر کے ساتھ اپنی درخواستیں آکاش وانی سیف آباد حیدرآباد 500004 کو روانہ کریں۔ درخواستیں پیش کرنے کی آخری تاریخ 4 جولائی ہے۔ منتخب امیدواروں کو ہر مہینے زیادہ سے زیادہ 6 دن کام کرنا ہوگا۔ تفصیلات www.newsonair.gov.in/vacancies ویب سائٹ پر دیکھی جاسکتی ہیں۔

## MAOIST

سی پی آئی ماؤسٹ کے 12 ارکان نے آج بھدرادری کوتہ گوڑم کے ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس بی روہت راجو کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔ایس پی نے کہا کہ ماؤنوازوں نے تشدد کا راستہ ترک کرتے ہوئے اپنے ارکانِ خاندان کے ساتھ پرامن زندگی گزارنے کا فیصلہ کرنے کے بعد پولیس کے سامنے خودسپردگی اختیار کی۔

انہوں نے کہا کہ ماؤنوازوں کو ہتھیار ڈالنے والے انتہاء پسندوں کی بہبود اور قبائیلیوں کیلئے مختلف فلاحی پروگراموں کے بارے میں معلومات حاصل ہوئیں۔ کوتہ گوڑم پولیس آپریشن چیوتا کے تحت یہ فلاحی اقدامات کررہی ہے۔ ہتھیار ڈالنے والے ماؤنوازوں میں دو ڈویژنل کمیٹی ممبرس، چار ایریا کمیٹی ممبرس اور دو دو پارٹی، ملیشیاء اور ریولوشنری پیپلز کمیٹی ممبرس شامل ہیں۔ اِس سال اب تک 294 ماؤنوازوں نے ضلع کی پولیس کے سامنے خودسپردگی اختیار کی ہے۔

YOGA

انٹرنیشنل یوگا ڈے کیلئے 24 گھنٹے کی الٹی گنتی کل صبح حیدرآباد کے ایل بی اسٹیڈیم میں شروع ہوگی۔ مرکزی حکومت اسٹیل، کوئلہ اور کانوں کی وزارتوں کے زیر اہتمام اس پروگرام کا اہتمام کررہی ہے۔ حیدرآباد اور سکندرآباد کے کئی یوگا پریکٹیشنرس، نوجوان اور طلبہ اس پروگرام میں حصہ لیں گے۔ تلنگانہ کے سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو، گورنر جشنو دیو ورما، مرکزی وزرا کشن ریڈی اور بھوپتی راجو سرینواس ورما، خواتین کے کمیشن کی سابق رکن خوشبو سندر اور فلمی شخصیتیں سائی دھرم تیج اور میناکشی چودھری شرکت کریں گے۔

MCEME

ملٹری کالج آف الکٹرانکس اینڈ میکانیکل انجینئرنگ سکندرآباد نے آج کانوکیشن تقریب کے دوران 20 عہدیداروں کو بیچلر آف تکنالوجی کی ڈگریاں عطاء کیں۔ انڈین انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ اندور کے ڈائرکٹر پروفیسر ہیمانشو رائے نے فوجی اور سیویلین شعبوں میں اچھے اخلاق، اخلاقی قیادت اور ایمانداری کے رول کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اپنے کانوکیشن خطاب میں گریجویٹنگ آفسروں سے کہا کہ وہ دانشمندی جرأت اور نئی سوچ کے ساتھ قیادت کریں۔ ایم سی ای ایم ای کے کمانڈنٹ لیفٹیننٹ جنرل نیرج وارشنی نے اے آئی، ڈرونس، روبوٹیکس مشین لرننگ جیسی جدید تکنالوجی کی اہمیت پر زور دیا۔ لیفٹیننٹ ڈی سبھاش کو ڈی جی ای ایم ای گولڈ میڈل حاصل ہوا۔

SAFETY

روزانہ سفر کے دوران طلبہ کی سلامتی سے متعلق مسائل سے نمٹنے کے لئے حیدرآباد سٹی پولیس نے آج رویندرا بھارتی میں اسٹوڈنٹ کے انتظامیوں، ٹرانسپورٹ کوآرڈنیٹرس اور ڈرائیورس کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔ اس اجلاس میں ٹرانسپورٹ سے متعلق قواعد وضوابط کے نفاذ، اسکولوں کے قریب ٹریفک کے مسئلہ سے نمٹنے اور تمام متعلقہ افراد کی جوابدہی کو یقینی بنانے پر توجہ دی گئی۔ پولیس کمشنر سی وی آنند نے اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ کی سلامتی اسکولوں کے انتظامیوں پولیس، ٹرانسپورٹ عہدیداروں اور والدین کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر اسکول کے کیمپس سے 200 میٹر کے احاطہ میں کسی طالبعلم کے ساتھ کوئی واقعہ پیش آتا ہے تو اس کے لئے ادارہ کا انتظامیہ ذمہ دار دیا جائے گا۔ انہوں نے اسکولوں کے انتظامیوں سے کہا کہ وہ بسوں کے باقاعدہ معنوں اور بسوں پر سوار ہونے اور اترنے سے متعلق طریقہ کار پر عمل آوری اور ڈرائیورس اور اٹینڈنس پر نظر رکھنے کے لئے تمام اسکولوں کی گاڑیوں میں سی سی ٹی وی اور ڈیش بورڈ کیمرے لگانے کی اجازت دیں۔

BHASHINI

پنچایت راج کی مرکزی وزارت اور الکٹرانکس اور انفارمیشن تکنالوجی کی مرکزی وزارت کے بھاشنی کے درمیان معاہدے سے نہ صرف زبان کی رکاوٹیں دور کی جاسکیں گی بلکہ اس سے ملک بھر میں ریاستوں کے درمیان اتحاد کو فروغ ملے گا۔ پنچایت راج کے مرکزی مملکتی وزیر پروفیسر ایس پی باگھیل نے آج دہلی میں یادداشتِ مفاہمت پر دسخط کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ اس اشتراک سے پنچایت راج کی وزارت کے اہم پورٹلز اور پلیٹ فارمس پر زبانوں کی رسائی کی راہ ہموار ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اِس اقدام سے ملک بھر میں اتحاد اور بھائی چارہ کو فروغ ملے گا۔

JUSTICE VERMA

جسٹس یشونت ورما کے مکان سے نقد رقم برآمد ہونے کے الزامات کی چھان بین کرنے والی تین رکنی کمیٹی نے کہا ہے کہ دہلی ہائی کورٹ کے سابق جج کی برخواستگی کے لئے کارروائی شروع کرنے مناسب مواد دستیاب ہے۔

پنجاب اور ہریانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس شیل ناگو، ہماچل پردیش ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جی ایس سندھاوالیا اور کرناٹک ہائی کورٹ کے جج انو سیورامن پر مشتمل کمیٹی نے جسٹس ورما کے اس دعوے کو مسترد کر دیا کہ انہیں پھنسانے کیلئے یہ الزامات لگائے گئے ہیں۔

GENDER BUDGET

خواتین اور بچوں کی ترقی کی مرکزی وزیر انوپورنا دیوی نے پالیسی سازوں اور متعلقہ افراد کیلئے ریسورس سنٹر کے طور پر آج جنڈر بجٹنگ پورٹل کا افتتاح کیا۔ دہلی میں جنڈر بجٹنگ پر قومی مشاورتی اجلاس خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ پورٹل پالیسی سازوں اور متعلقہ افراد کو جنڈر بجٹنگ کے طریقہ کار کو مستحکم کرنے کیلئے ڈیٹا اور وسائل فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس سال جملہ بجٹ کا 8.86 فیصد حصہ جنڈر بجٹ پر خرچ کرنے کا منصوبہ ہے۔

SOUND BYTE ANNAPURNA

JAL SHAKTI MEET

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج دہلی میں جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل سے ملاقات کی اور انہیں آندھرا پردیش کے مجوزہ گوداوری۔ بنا کا چرلہ لنک پراجکٹ پر ریاست کے اعتراضات سے واقف کرایا۔ ریونت ریڈی اور وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے مرکزی حکومت اور جل شکتی کی وزارت سے درخواست کی کہ وہ اس پراجکٹ کو روکیں کیونکہ اس سے تلنگانہ کے مفادات متاثر ہوں گے۔ انہوں نے مرکزی وزیر پاٹل پر زور دیا کہ وہ آندھرا پردیش حکومت کی جانب سے پیش کی گئی پری فیزی بلیٹی رپورٹ کو مسترد کر دیں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ یہ پراجکٹ ریاست کے تنظیم جدید قانون 2014ء کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس پراجکٹ سے عوام خصوصاً کسانوں میں تشویش پیدا ہوگئی ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ اگر مرکز نے مثبت قدم نہیں اٹھایا تو ریاستی حکومت سپریم کورٹ سے رجوع ہوگی۔